Adeel / Shabbir

24-03-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 مرکز نے تمام ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں سے کہا ہے کہ وہ گرمی کے مہینوں کے دوران اسپتالوں میں لگنے والی آگ کی روک تھام کیلئے فوری اقدامات کریں۔

2 لوک سبھا انتخابات کیلئے امیدواروں کے ناموں کو حتمی شکل دینے کیلئے بی جے پی کی مرکزی انتخابی کمیٹی کی میٹنگ کل نئی دلی میں منعقد ہوئی۔

3 کانگریس نے یوپی یونٹ کے سربراہ اجے رائے کو وارانسی لوک سبھا سیٹ سے وزیر اعظم نریندر مودی کے خلاف انتخابی میدان میں اتارا ہے۔

4 دلی کی ایک عدالت نے دلی آبکاری پالیسی گھپلے سے وابستہ معاملے میں بی آر ایس کی رہنما، کے کویتا کی ED کی تحویل میں 26 مارچ تک توسیع کردی ہے۔

5 سکیورٹی فورسز نے جموں کشمیر میں جیش محمد سے وابستہ دہشت گردی کے ایک بڑے گروہ کا پردہ فاش کیا ہے۔

6 اور : IPL کرکٹ میں کولکاتہ نائٹ رائڈرس نے سن رائزرس حیدرآباد کو 4 رن سے ہرایا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Health Ministry Hospital Fires

وزارت صحت نے سبھی ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کو ایک مراسلہ تحریر کیا ہے اور کہا ہے کہ وہ گرمی کے مہینوں کے دوران اسپتالوں میں لگنے والی آگ کی روک تھام کیلئے فوری اقدامات کریں۔ تمام ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے چیف سکریٹریز کے نام ایک خط میں صحت کے سکریٹری اپوروا چندر نے کہا ہے کہ گرمی کے مہینوں کے دوران درجۂ حرارت بڑھ جانے کی وجہ سے اسپتالوں میں لگنے والی آگ ایک اہم خطرہ بن گئی ہے۔ وزارت صحت نے ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں سے کہا ہے کہ وہ ریاستی صحت محکمے اور قدرتی آفات کے بندوبست سے متعلق ریاستی اتھارٹیز کو ہدایت دیں کہ وہ قریبی تال میل کے ساتھ کام کریں تاکہ اِس بات کو یقینی بنایا

جاسکے کہ اُن کے دائرۂ اختیار کے اندر آنے والے تمام تسلیم شدہ اسپتال آگ کی روک تھام کیلئے فوری اقدامات کریں۔ اِس میں مزید کہا گیا ہے کہ اسپتال آگ پر قابو پانے والے آلات مثلاً آگ بجھانے والے آلات، Hydrants اور الارم کا باقاعدگی سے معائنہ کرتے رہیں۔ اِس میں آگ بجھانے والے آلات کے استعال کی میعاد ختم ہونے تاریخ کی جانچ، Hydrants تک رسائی کو یقینی بنانا اور مناسب مقدار میں پانی کے دباؤ کی دستیابی اور اسپتالوں میں فائر الارم کا کام کرنا اور قابل سماعت ہونا شامل ہیں۔

## BJP CEC Meeting

لوک سبھا انتخابات کے لئے امیدواروں کے ناموں کو حتمی شکل دینے کیلئے بی جے پی کی مرکزی انتخابی کمیٹی کی میٹنگ کل نئی دلی میں پارٹی ہیڈ کوارٹرس میں منعقد ہوئی۔ وزیر اعظم نریندر مودی، بی جے پی کے قومی صدر جے پی نڈا، مرکزی وزراء امت شاہ اور راجناتھ سنگھ، اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ کے علاوہ کمیٹی کے ممبران اور ریاستوں کے عہدیداران نے اِس میٹنگ میں شرکت کی۔ کمیٹی نے تین گھنٹے سے زیادہ وقت تک امیدواروں کے ناموں پر غور و خوض کیا۔

## Cong LS List

کانگریس نے یوپی یونٹ کے سربراہ اجے رائے کو وارانسی لوک سبھا سیٹ سے وزیر اعظم نریندر مودی کے خلاف انتخابی میدان میں اتارا ہے۔ کانگریس کے سینئر لیڈر دگ وجے سنگھ مدھیہ پردیش میں راج گڑھ لوک سبھا سیٹ سے چناؤ لڑیں گے۔ پارٹی نے کل آنے والے لوک سبھا انتخابات کیلئے 45 امیدواروں پر مشتمل ایک اور فہرست جاری کی۔ ایم پی دانش علی امروہہ سیٹ سے کانگریس کے امیدوار ہوں گے جبکہ کارتی چدمبرم تملناڈو میں سیوا گنگا سیٹ سے اور Manickam Tagore وِرودھ نگر پارلیمانی حلقے سے پارٹی کے امیدوار ہوں گے۔ کانگریس نے انومان بینیوال کی راشٹریہ لوک تانترک پارٹی کیلئے راجستھان کی ناگور لوک سبھا سیٹ چھوڑی ہے۔ کانگریس نے آئندہ سِکم اسمبلی انتخابات کیلئے 18 امیدواروں پر مشتمل اپنی پہلی فہرست بھی جاری کی۔

## Kerala Voter Awareness

کیرالہ کے Thrissur میں SVEEP پروگرام کے ایک حصے کے طور پر ووٹنگ کے عمل سے متعلق تعلیم، بیداری اور خواندگی پھیلانے کے لیے عام انتخابات میں لوگوں کی زیادہ سے زیادہ شمولیت کو یقینی بنانے کے لیے ایک اختراعی کوشش کے طور پر Robots کا استعمال کیا جائے گا۔

ریاست کے چیف الیکٹورل افسر سنجے کول نے کل کوچی میں ایک تقریب میں اس پروگرام کا آغاز کیا۔ تھریسور ضلع کلیکٹر کرشنا تیجا نے کہا کہ ووٹروں میں ووٹنگ کے عمل میں حصہ لینے کے لیے بیداری کو فروغ دینے کے مقصد سے مشہور مالز اور دیگر مقامات پر Robots کا استعمال کیا جائے گا۔

انھوں نے کہا کہ Robots استعمال کرتے ہوئے بیداری پر مبنی مختلف ویڈیوز بھی دکھائی جائیں گی۔

Sikkim State Profile

سکم میں، لوک سبھا کی ایک سیٹ اور ریاستی قانون ساز اسمبلی کی 32 سیٹوں کے لیے بیک وقت انتخابات کے خوش اسلوبی سے انعقاد کے لیے تیاریاں کی جا رہی ہیں۔ ریاستی چیف الیکٹورل افسر ڈی عدنان نے آکاشوانی نیوز کو بتایا کہ چناؤ کے دن ایک آزاد اور منصفانہ ماحول فراہم کرنے لیے معذور افراد سمیت تمام اہل رائے دہندگان کو ہر ممکن سہولیات پہنچانے کی کوششیں کی جارہی ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C IBOMCHA SHARMA

*سکم میں لوک سبھا کی ایک سیٹ اور ریاستی قانون ساز اسمبلی کی 32 سیٹوں کے لیے بیک وقت انتخابات اگلے مہینے کی 19 تاریخ کو پہلے مرحلے میں منعقد کیے جائیں گے۔ ریاستی اسمبلی کے ووٹوں کی گنتی 2 جون کو ہوگی جبکہ لوک سبھا کی ایک سیٹ کے لیے دوٹوں کی گنتی 4 جون 2024 کو ہوگی۔*

*دو لاکھ 32 ہزار 400 مرد، دو لاکھ 31 ہزار 450 خواتین اور تین مخنث ووٹروں سمیت تقریباً چار لاکھ 63 ہزار 800 رائے دہندگان اس چناؤ میں اپنے حق رائے دہی کا استعمال کریں گے۔ اس چناؤ میں دو ہزار 476 بزرگ شہری اور چار ہزار 184 معذور افراد بھی اپنے حقِ رائے دہی کا استعمال کریں گے۔*

*وہیں 18 سے 19 سال کی عمر کے زمرے میں زیادہ سے زیادہ 12 ہزار 659 نوجوان ووٹر بھی پہلی بار اس چناؤ میں ووٹ ڈالیں گے۔*

*88 شہری اور 485 دیہی پولنگ اسٹیشنوں سمیت کل 573 پولنگ اسٹیشنوں پر ووٹ ڈالے جائیں گے۔*

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

[Court BRS Leader]

دلی کی راؤز ایوینیو عدالت نے، شراب پالیسی گھپلے سے وابستہ کالے دھن کو جائز بنانے کے معاملے میں بھارت راشٹریہ سمیتی BRS کی رہنما کے-کویتا کی انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ ED کی تحویل میں اِس ماہ کی 26 تاریخ تک توسیع کر دی ہے۔ CBI کی خصوصی جج کاویری بویجا نے BRS لیڈر کو ED ریمانڈ کی معیادختم ہونے پر عدالت میں پیش کیے جانے کے بعد یہ فیصلہ سنایا۔ مرکزی جانچ ایجنسی نے عدالت سے محترمہ کویتا کے مزید پانچ دن کے ریمانڈ کا مطالبہ کیا تھا۔ یہ اقدام سپریم کورٹ کے ذریعے اِس کیس میں کے-کویتا کی ضمانت کی درخواست پر غور کرنے سے انکار کرنے کے ایک دن بعد سامنے آیا ہے۔ سپریم کورٹ نے اُن کی ضمانت کی درخواست پر غور کرنے سے انکار کر دیا تھا اور انہیں ٹرائل کورٹ جانے کو کہا تھا۔

تلنگانہ کے سابق وزیر اعلیٰ کے چندر شیکھر راؤ کی بیٹی نے اِس کیس میں ضمانت کیلئے عدالت میں ایک درخواست دائر کی تھی۔

[Punjab Spurious Liquor Death Toll]

پنجاب کے سنگرور ضلعے میں مبینہ طور پر زہریلی شراب پینے سے مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 21 ہوگئی ہے۔ 20 افراد کو اسپتالوں میں بھرتی کیا گیا ہے جن میں سے کچھ کی حالت نازک ہے۔

بھارت کے انتخابی کمیشن نے اس معاملے میں پنجاب کے چیف الیکٹورل افسر کے ذریعے چیف سکریٹری اور DGP سے رپورٹ طلب کی ہے۔ اس بیچ اس پورے معاملے کی تہہ تک پہنچنے کے لیے ریاستی پولیس نے چار ممبران پر مشتمل خصوصی تحقیقاتی ٹیم، SIT تشکیل دی ہے، جس کی قیادت ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل آف پولیس Law and Order گریندر سنگھ ڈھلوں کریں گے۔ جناب ڈھلوں اس معاملے کی سائنسی اور پیشہ وارانہ بنیادوں پر جانچ کی نگرانی کریں گے۔ پٹیالہ رینج کے ڈی آئی جی ہرچرن سنگھ بھُلّر، سنگرور کے SSP سرتاج چہل اور ایکسائز محکمے کے ایڈیشنل کمشنر نریش دوبے، خصوصی تحقیقاتی ٹیم کے دیگر اراکین ہیں۔

پولیس نے اس معاملے میں تین FIR درج کی ہیں اور ابھی تک 8 لوگوں کو گرفتار کیا ہے۔ تاہم ریاستی حکومت نے ابھی تک متاثرہ خاندانوں کے لیے کسی طرح کی مالی مدد یا دیگر کسی امداد کا اعلان نہیں کیا ہے۔x

[Punjab Holi]

ہولی کے تہوار سے پہلے پنجاب کے بازار اِن دنوں پرکشش رنگوں سے بھرے ہوئے ہیں۔ پورے جوش و خروش کے ساتھ رنگوں کا تہوار ہولی منانے کیلئے لوگوں میں زبردست جذبہ ہے۔ ریاست میں ہر شخص شدت سے ہولی کا انتظار کررہا ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

VC- Shishu Sharma Shantal

اِن دِنوں جالندھر سمیت ریاست کے مختلف مقامات پر سبھی چھوٹے بڑے بازار لال گلال، ہرے اور پیلے رنگوں سے بھرے ہوئے ہیں۔ لوگ اپنے بچوں کے ساتھ ہولی کے رنگوں کی خریداری میں مصرف ہیں۔ بازاروں میں ہولی کے تہوار سے متعلق مختلف اقسام کی پچکاریاں اور دیگر سازوسامان موجود ہے، جنھیں بچے بہت پسند کرتے ہیں۔ وقت کے ساتھ ساتھ ہولی کے تہوار پر ہربل رنگوں کے استعمال کا رجحان بڑھتا جا رہا ہے۔ کئی غیر سرکاری تنظیمیں بھی اس سلسلے میں لوگوں میں بیداری پھیلانے کا کام کر رہی ہیں۔

صحت کے لحاظ سے ہربل رنگوں کو محفوظ سمجھا جاتا ہے اسی لیے لوگ ان کی خریداری کو بھی ترجیح دے رہے ہیں۔ وہیں مندروں میں پچھلے کچھ دنوں سے رنگ برنگے پھولوں سے ہولی کھیلنے کا عمل بھی جاری ہے۔

Rajasthan Fire

راجستھان میں، کل رات جے پور کے بسّی ضلع میں ایک کیمیکل فیکٹری میں بڑے پیمانے پر آگ لگنے سے پانچ افراد کی موت ہوگئی اور دو دیگر زخمی ہوگئے۔ آگ بجھانے کے لیے فائر بریگیڈ کی نو گاڑیاں لگائی گئی تھیں۔

چیف فائر افسر دیویندر کمار نے کہا کہ متعلقہ کیمیکل فیکٹری غیر قانونی طور پر چلائی جا رہی تھی اور جائے وقوع پر کیمیکل سے بھرے drums رکھے ہوئے تھے۔ انھوں نے مزید کہا کہ ابھی یہ واضح نہیں ہے کہ فیکٹری میں اور کس طرح کا مواد رکھا ہوا تھا۔x

J&K Terror Module

جموں و کشمیر میں، حفاظتی دستوں نے ممنوعہ تنظیم جیش محمد سے تعلق رکھنے والے بڑے دہشت گردانہ Module کا پردہ فاش کرتے ہوئے چار دہشت گردوں کو گرفتار کیا ہے۔ ان لوگوں کو سری نگر سے گرفتار کیا گیا۔ پختہ اطلاع کی بنا پر انجام دی گئی اس کارروائی کو سری نگر پولیس، پچاس راشٹریہ رائفلز، ویلی QRT اور 29 بٹالین CRPF نے نوگام پولیس اسٹیشن کی حدود میں مشترکہ طور پر انجام دیا۔

تلاشی کے دوران مشترکہ پارٹی نے ایک گاڑی کو روکا اور ان چار دہشت گردوں کو گرفتار کرلیا۔

ان افراد کے قبضے سے ایک اے کے 56 رائفلز اور اس کے تین میگزین، 75 کارتوس، ایک Glock پسٹل اور اس کے دو میگزین، 9 ایم۔ایم کے 26 کارتوس اور چھ چینی گرینیڈ برآمد کیے گئے ہیں۔

ابتدائی جانچ میں پایا گیا کہ ان افراد کا تعلق ممنوعہ دہشت گردانہ تنظیم جیش محمد سے ہے۔ اِن لوگوں کے خلاف متعلقہ دفعات کے تحت نوگام پولیس اسٹیشن میں کیس درج کرلیا گیاہے اور مزید تحقیقات جاری ہیں۔

Russia Killed

روس میں Crocus سٹی ہال پر ہوئے دہشت گردانہ حملے میں مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 133 ہوگئی ہے۔ روس کی تحقیقاتی کمیٹی کا حوالہ دیتے ہوئے سرکاری میڈیا TASS نے خبر دی ہے کہ تلاشی کی کارروائی جاری ہے اور کنسرٹ ہال سے بکھری ہوئی چیزوں کو ہٹانے کا کام کیا جارہا ہے۔ روس کی وزارت صحت کے مطابق 147 افراد زخمی ہوئے ہیں۔ روس نے کہا ہے کہ اُس نے کُل چار بندوق برداروں سمیت 11 افراد کو گرفتار کیا۔

دولت اسلامیہ سے وابستہ دولت اسلامیہ خراسان صوبے ISIS-K نے Crocus سیٹی ہال پر ہوئے اِس حملے کی ذمہ داری قبول کی ہے۔ تاہم روس کی سکیورٹی سروس نے دعویٰ کیا ہے کہ حملہ آوروں کا رابطہ یوکرین سے تھا اور یہ حملہ آور پڑوسی ملک جارہے تھے۔

یوکرین نے کہا ہے کہ اِس حملے میں یوکرین کے شامل ہونے کی بات غیر معقول اور مضحکہ خیز ہے۔ اِسی دوران امریکہ نے کہا ہے کہ ISIS-K کا دعویٰ معتبر اور قابل اعتماد ہے اور اُس کا یقین ہے کہ یوکرین اِس حملے کا ذمہ دارنہیں ہے۔

IMD Weather

بھارتی محکمہ موسمیات نے اس مہینے کی 26 تاریخ تک شمال مشرقی بھارت اور ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال میں موسلا دھار بارش اور گرج چمک کی پیش گوئی کی ہے۔محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ، سکم اور ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال میں اگلے دو دنوں تک شدید بارش اور گرج چمک کا امکان ہے۔ اس کے بعد اس میں بتدریج کمی ہوگی۔

محکمہ موسمیات نے مزید کہا کہ ان خطوں سمیت ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تریپورہ میں 29 مارچ تک درمیانے درجے کی بارش اور گرج چمک کے جاری رہنے کا امکان ہے۔ اسکے علاوہ محکمہ موسمیات نے 26 سے 29 مارچ تک مغربی ہمالیائی خطے میں بارش اور گرج چمک میں اضافے کی پیش گوئی کی ہے۔

محکمہ موسمیات نے کہا کہ مغرب کی سمت سے آنے والی ہواؤں کی وجہ سے جموں کشمیر، لداخ، گلگت، بلتستان، مظفر آباد، ہماچل پردیش، پنجاب، ہریانہ، راجستھان، اور اتراکھنڈ میں 29 مارچ تک ہلکی بارش اور گرج چمک کا امکان ہے۔

گرم ہواؤں کے بارے میں محکمہ موسمیات نے کہا کہ رائل سیما، کیرالہ، ماہے، تملناڈو، پڈوچیری اور کیرالہ میں 27 مارچ تک موسم گرم رہے گا۔x

IPL

آئی پی ایل کرکٹ میں کل رات کولکاتہ کے ایڈن گارڈنس میں کولکاتہ نائٹ رائڈرس نے سن رائزرس حیدرآباد کو 4 رن سے ہرا دیا۔ جیت کیلئے 209 رن کے نشانے کا پیچھا کرتے ہوئے سن رائزرس حیدرآباد مقررہ 20 اوورس میں 7 وکٹ پر 204 رن ہی بنا سکی۔ اِس سے پہلے سن رائزرس حیدرآباد نے ٹاس جیتا اور گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ کولکاتہ نائٹ رائڈرس نے مقررہ 20 اوورس میں 7 وکٹ پر 208 رن بنائے۔ آندرے رسل نے 25 گیندوں میں بغیر آؤٹ ہوئے 64 رن بنائے، جبکہ ہرشِت رانا نے تین وکٹ حاصل کئے۔ حیدرآباد کی طرف سے Heinrich Klaasen نے 29 گیندوں پر 63 رن بنائے جبکہ ٹی نٹراجن نے تین وکٹ حاصل کئے۔ آندرے رسل کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

اِس سے پہلے چنڈی گڑھ میں کھیلے گئے کل کے پہلے میچ میں پنجاب کنگز نے دلی کیپٹلس کو 4 وکٹ سے ہرایا۔ جیت کیلئے 175 رن کے نشانے کا تعاقب کرتے ہوئے پنجاب کنگز نے 6 وکٹ پر 4 گیند باقی رہتے ہوئے مقررہ نشانے کو حاصل کرلیا۔ Sam Curran نے 47 گیندوں میں 63 رن بنا کر پنجاب کنگس کو ٹھوس شروعات دی۔

آج جے پور میں ساڑھے تین بجے راجستھان رائلس کا مقابلہ لکھنؤ سپر جائنٹس سے ہوگا جبکہ احمد آباد می شام ساڑھے سات بجے گجرات ٹائٹنس کا سامنا ممبئی انڈینس سے ہوگا۔

Swiss Ope Badminton

بیڈمنٹن میں بھارت کے سرکردہ کھلاڑی کدامبی سری کانت کل رات سوئٹزرلینڈ کے Basel میں سوئس اوپن ٹورنامنٹ سے باہر ہوگئے۔ سری کانت ایک گھنٹے اور پانچ منٹ تک کھیلے گئے مردوں کے سنگلز کے سیمی فائنل مقابلے میں چین کے کھلاڑی Lin-Chun-Yi سے اکیس-پندرہ، نو-اکیس، اٹھارہ-اکیس سے ہار گئے۔ کدامبی سری کانت کے ٹورنامنٹ سے باہر ہونے کے ساتھ ہی سوئس اوپن میں بھارت کی مہم ختم ہوگئی ہے۔

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... ضمیر رضوی

شکریہ - آسیہ میمونہ

راجدھانی دلی سے آج شائع ہونے والے زیادہ تر اردو اخبارات نے مختلف خبروں کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ ملاپ نے بھارت اور بھوٹان کے درمیان مختلف شعبوں میں ہوئے مفاہمت ناموں کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ اخبار نے لکھا ہے کہ وزیراعظم نریندر مودی کے بھوٹان دورے میں بھارت اور بھوٹان نے ریل، توانائی، پیٹرولیم اور دیگر شعبوں کے مفاہمت ناموں پر دستخط کیے گئے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا نے روس کی راجدھانی ماسکو میں میوزک کنسرٹ پر ہوئے دہشت گردانہ حملے میں 143 افراد کے ہلاک ہونے کی خبر کو صفحۂ اول پر جگہ دی ہے۔ اخبار کے مطابق حملے میں سو سے زیادہ افراد زخمی ہوئے ہیں۔

روزنامہ انقلاب نے لکھا ہے کہ ہولی کے موقع پر ملک بھر میں 50 ہزار کروڑ کی تجارت کی توقع ہے۔ اخبار کے مطابق صرف دلی میں ہی 5 ہزار کروڑ روپے کے کاروبار کی امید ہے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے پیاز کی برآمد میں پابندی میں توسیع کئے جانے کی خبر کو پہلے صفحے پر جگہ دی ہے۔ اخبار نے لکھا ہے یہ پابندی 31 مارچ کو ختم ہو رہی تھی جسے اب غیر معینہ مدت کے لیے بڑھادیا گیا ہے۔

روزنامہ پرتاپ نے بھارت راشٹریہ سمیتی کی رہنما اور تلنگانہ کے سابق وزیر اعلیٰ کے۔چندرشیکھر راؤ کی بیٹی K کویتا کی ED حراست کو 26 مارچ تک بڑھائے جانے کی خبر کو نمایاں جگہ دی ہے۔x

## آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر

1 مرکز نے تمام ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں سے کہا ہے کہ وہ گرمی کے مہینوں کے دوران اسپتالوں میں لگنے والی آگ کی روک تھام کیلئے فوری اقدامات کریں۔

2 لوک سبھا انتخابات کیلئے امیدواروں کے ناموں کو حتمی شکل دینے کیلئے بی جے پی کی مرکزی انتخابی کمیٹی کی میٹنگ کل نئ دلی میں منعقد ہوئی۔

3 کانگریس نے یوپی یونٹ کے سربراہ اجے رائے کو وارانسی لوک سبھا سیٹ سے وزیر اعظم نریندر مودی کے خلاف انتخابی میدان میں اتارا ہے۔

4 دلی کی ایک عدالت نے دلی آبکاری پالیسی گھپلے سے وابستہ معاملے میں بی آر ایس کی رہنما، کے کویتا کی ED کی تحویل میں 26 مارچ تک توسیع کردی ہے۔

5 سکیورٹی فورسز نے جموں کشمیر میں جیش محمد سے وابستہ دہشت گردی کے ایک بڑے گروہ کا پردہ فاش کیا ہے۔

5 اور

IPL کرکٹ میں کولکاتہ نائٹ رائڈرس نے سن رائزرس حیدرآباد کو 4 رن سے ہرایا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---